# ٹیپو سلطان کی مذہبی رواداری

محب الحسن

I ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے: **One Mark Questions**

١ کرک پیٹرک کے نزدیک ٹیپو کیا تھے؟(K)

٢ وِلکس نے اپنی تاریخ میسور میں کونسے قصے بیان کیے ہیں؟(K)

٣ وِلکس کے مطابق ٹیپو سلطان نے کس کی تجدید کی؟(K)

٤ سریندر ناتھ سین کا ٹیپو کے تعلق سے کیا خیال ہے؟(K)

٥ ٹیپو سلطان نے اپنے والد حیدر علی کی کس پالیسی کو جاری رکھا؟(K)

٦ میر آصف کے اہم منصب پر کون فائز تھا؟(K)

٧ ٹیپو نے وزیر خزانہ کے عہدے پر کسے فائز کیا تھا؟(K)

٨ ٹیپو کے معتمدِ خصوصی کون تھے؟(K)

٩ مول چند اور سوجان رائے کہاں ٹیپو سلطان کے وکیل تھے؟(K)

١٠ محکمہ آثار قدیمہ کے ڈائریکٹر کو ٹیپو سلطان کے لکھے خطوط کا بنڈل کہاں ملا؟(K)

١١ سرنگیری کے سوامی سے ٹیپو نے کیا درخواست کی تھی؟(K)

١٢ ٹیپو سلطان کے خطوط کس لب و لہجے میں لکھے گئے ہیں؟(K)

١٣ ٹیپو کے خطوط سے کس خیال کی واضح تردید ہوتی ہے؟(K)

١٤ میلوکوٹ کے نارائن سوامی کے مندر کو ٹیپو سلطان نے کیا نذر کیا تھا؟(K)

١٥ ننجن گوڈ کے سری کنیشور مندر کو ٹیپو نے کیا پیش کیا تھا؟(K)

١٦ ننجڈ یشور مندر میں بادشاہ کے حکم سے کیا نصب کیا گیا تھا؟(K)

١٧ ٹیپو سلطان کے قلعہ میں محل کے قریب کونسے مندر تھے؟(K)

١٨ عیسائیوں کے ساتھ ٹیپو نے کیا سلوک کیا؟(K)

II ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے: **Two Mark Questions**

١ ڈاڈول نے ٹیپو سلطان کے متعلق کیا لکھا ہے؟(C)

٢ وِلکس نے اپنی تاریخ میسور میں کونسے قصے بیان کیے اور کیا نتیجہ اخذ کیا؟(C)

٣ ٹیپو سلطان نے اپنے والد کی طرح مذہب اور سیاست کو کس طرح الگ رکھا؟(C)

٤ راگھوناتھ راؤ پٹوردھن کی قیادت میں مرہٹہ سواروں نے سرنگیری پر حملہ کر کے کیا کیا؟(C)

٥ سارادیوی کی مورتی کی بے حرمتی کے متعلق سن کر ٹیپو نے جواب میں کیا لکھا؟(C)

۶ سارداد یوی مندر کی تعمیر کے لیے ٹیپو نے بدنور کے آصف کو کیا حکم دیا؟(C)

۷ 1793 میں سوامی کے خط کے جواب میں ٹیپو سلطان نے کیا لکھا؟(C)

۸ تیسری اینگلو میسور جنگ کے زمانے میں جب ٹیپو سلطان کانجی ورم گئے تو وہاں انھوں نے کیا کیا؟(C)

۹ ٹیپو کے مذہبی پالیسی کا جائزہ لیتے وقت کس بات کو نظر انداز کیا جاتا ہے؟(C)

۱۰ سلطنت کے کن حصوں میں تبدیلی مذہب کی پالیسی اختیار کی گئی اور کیوں؟(C)

۱۱ 1789 میں ترچور میں پڑاؤ کے موقع پر ٹیپو سلطان نے کیا کیا؟(C)

۱۲ عیسائی رعایا کے تعلق سے ٹیپو پر کیا الزام عائد کیا جاتا ہے اور حقیقتاً عیسائیوں کے ساتھ ٹیپو کا رویہ کیسا تھا؟(C)

**III ان سوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے: Four Mark Questions**

۱ ٹیپو سلطان کے تعلق سے مختلف مورخین کے خیالات کیا تھے۔ جائزہ لیجیے؟(C)

۲ ٹیپو سلطان نے اپنے والد حیدر علی کی ہندوؤں کو ذمہ دار عہدوں پر مامور رکھنے کی پالیسی کو کس طرح جاری رکھا؟(C)

۳ ٹیپو سلطان نے سرنگیری مندر کے علاوہ اپنی مملکت کے دوسرے مندروں کی سرپرستی کس طرح کی؟(C)

۴ ست چندی جاپ اور سہسرا چندی جاپ کے ضمن میں ٹیپو سلطان نے کیا کیا؟(C)

۵ مضمون نگار نے کن مثالوں کے ذریعہ ثابت کیا ہے کہ ٹیپو نے ہندوؤں کو پوجا پاٹ کی مکمل آزادی دی تھی؟(C)

۶ یہ بات کیوں ناقابل یقین ہے کہ ٹیپو نے ہندوؤں کے ساتھ مذہبی زیادتی کا ارتکاب کیا تھا؟(C)

....................................